**18.05.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............. شمیم احمد

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے اوسلو میں ناروے کے اپنے ہم منصب Jonas Gahr Store کے ساتھ مذاکرات کئے۔ انھوں نے باہمی تعلقات کو بڑھا کر صاف توانائی اور نیلگوں معیشت پر توجہ کرتے ہوئے گرین کلیدی شراکت داری تک پہنچانے سے اتفاق کیا۔

☆ وزیر اعظم مودی کو King Harald The Fifth نے Grand Cross of the Royal Norwegian Order of Merit سے نوازا۔

☆ حکومت نے اِس برس ایک کھرب ڈالر برآمدات کا نشانہ رکھا ہے۔

☆ مرکزی وزیر جتیندر سنگھ نے بھارت میں نیوکلیائی توانائی اور پرائیویٹ سرمایہ کاری کے مواقع پر امریکہ کے ایک صنعتی وفد سے مذاکرات کیے۔

☆ مغربی بنگال کی حکومت نے بدعنوانی اور خواتین کے خلاف زیادتیوں کی چھان بین کیلئے دو انکوائری کمیشن تشکیل دیئے ہیں۔

☆ اور گرمی کی انتہائی شدت کے دوران آیوش کی وزارت نے گرمی سے متعلق بیماریوں کی روک تھام کی غرض سے ایڈوائزری جاری کی ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***Rev Eve PM Norway***

وزیرِ اعظم نریندر مودی کے ناروے کے اولین دورے کے نمایاں نتائج سامنے آئے ہیں، جس میں دونوں ملکوں نے بھارت - ناروے تعلقات کو بہتر کرکے سبز جامع شراکت داری کی حیثیت دینے سے اتفاق کیا ہے۔ Oslo میں اپنے ہم منصب Jonas Gahr Store کے ساتھ وفد کی سطح کی بات چیت کے بعد، آج ایک مشترکہ بیان میں وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اجاگر کیا کہ دونوں لیڈروں نے بھارت–ناروے تعلقات کو بہتر کرکے، اُسے سبز جامع شراکت داری کی حیثیت دینے سے اتفاق کیا ہے، جو کہ صاف توانائی، نیلگوں معیشت، گرین کایاپلٹ کے شعبوں میں تعاون کو بہتر بنانے میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔

**SB - 2100 - PM Modi on Green Energy**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا کہ دونوں لیڈروں نے بھارت- EFTA تجارتی اور اقتصادی شراکت داری کے معاہدے سے حاصل ہونے والے وسیع مواقعوں کو بھی واضح کیا ہے۔ اس میں شراکت داری کو ہائی ٹیک، AI، اسٹارٹ اَپس کے شعبوں میں مستقبل کیلئے تیار بنانے کی غرض سے تعاون پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی۔

**SB - 2100 - PM Modi on EU FTA 100**

اِس باہمی میٹنگ میں صحت سے متعلق ہائی ٹیک حل، ڈیجیٹل صحت، ڈیجیٹل پبلک بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں بہت سے مفاہمت ناموں پر دستخط کئے گئے۔ بھارت کے ISRO اور ناروے کی خلائی ایجنسی کے درمیان ایک مفاہمت نامہ، دفاع شعبے میں تعلقات بہتر بنانے کو یقینی بنائے گا۔ تعاون کے ایک سہ رُخی سمجھوتے پر بھی آج دستخط کئے گئے۔اِس میں بھارت اور ناروے، بھارت کے ڈیجیٹل پبلک بنیادی ڈھانچے کو استعمال کرتے ہوئے، عالم جنوب کے ممالک کو انسانی ترقی کے حل، مشترکہ طور پر فراہم کریں گے۔ ناروے کے وزیرِ اعظم نے ایک اہم بیان میں ٹیکنالوجی کے شعبے میں بھارت کی قیادت کوتسلیم کیا ہے۔ دونوں لیڈروں نے ضابطوں پر مبنی عالمی نظام میں اپنے مشترکہ اعتقاد اور مذاکرات اور سفارت کاری کے اپنے عہد کا اعادہ کیا۔ قریبی تعلقات کے تئیں جذبۂ خیرسگالی کے طور پر، وزیرِ اعظم نریندر مودی کو ناروے کے عزت مآب شاہ Harald V کے ذریعے Royal Norwegian Order of Merit کا گرانڈ کراس ایوارڈ سے نوازا گیا۔ جناب نریندر مودی سویڈن کا اپنا دورہ پورا کرنے کے بعد آج سہ پہر ناروے پہنچے تھے۔ وزیرِ اعظم نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں کہا کہ باہمی تعلقات کو بہتر بنا کر ایک جامع شراکت داری میں تبدیل کرنا، مشترکہ اختراعی شراکت داری 2.0 کی شروعات کرنا اور بھارت - سویڈن ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے کاریڈور کا آغاز کرنے سمیت یہ مذاکرات انتہائی بارآور رہے۔ بات چیت میں باہمی تجارت کو آئندہ پانچ سال میں دو گنا کرنے کا ہدف بھی مقرر کیا گیا۔x

***PM Italy Visit***

پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے آخری مرحلے میں، وزیرِ اعظم نریندر مودی اٹلی کی اپنی ہم منصب محترمہ Georgia Meloni کی دعوت پر، کل اٹلی کے دو روزہ دورے پر روم پہنچیں گے۔ وزیرِ اعظم مودی، وزیرِ اعظم Meloni کے ساتھ باہمی بات چیت کریں گے۔ وہ اٹلی کے صدر Sergio Mattarella سے بھی ملاقات کریں گے۔ جناب مودی دونوں ملکوں کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کو مزید فروغ دینے کی غرض سے کاروباری لیڈروں سے بھی بات چیت کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ...

**VC - Superna Bhatia**

وزیرِ اعظم نریندر مودی اِس مہینے کی 19 سے 20 تاریخ کو اٹلی کے دورے پر ہوں گے۔ اُن کا یہ دورہ، پانچ ملکوں کے دورے کا آخری مرحلہ ہے، جس کا مقصد مختلف شعبوں میں بھارت کی جامع شراکت داری کو مزید مستحکم کرنا ہے۔ وزیرِ اعظم، اٹلی کی وزیرِ اعظم کے ساتھ وفود کی سطح کی بات چیت کریں گے، جس میں سمندری

سکیورٹی اور مستحکم کنکٹیویٹی پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ اٹلی، بھارت کو نہ صرف یوروپ بلکہ بحیرۂ روم کے مکمل خطے تک بھی رسائی فراہم کرتا ہے۔ یہ امر سپلائی چین اور دفاعی شراکت داری کے تناظر میں اہمیت کا حامل ہے۔ ان کا پانچ ملکوں کا یہ دورہ، سفارت کاری سے کہیں زیادہ حیثیت رکھتا ہے۔

یہ بھارت کے مستقبل کے توانائی روٹس، مصنوعی ذہانت کی شراکت داری، سیمی کنڈکٹر کی رسائی، دفاعی ساز و سامان کی تیاری اور عالمی مفادات کو بہتر بنانے سے تعلق رکھتا ہے۔

روم سے Superna Bhatia کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں مہتاب عالم

## Goyal Vyapar Mahotsav

کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت نے اِس برس ایک کھرب ڈالر اور اگلے پانچ برس میں دو کھرب ڈالر کی مالیات کے برآمدات کا نشانہ طے کیا ہے۔ انھوں نے واضح کیا کہ یہ آتم نربھر بھارت کا حقیقی Hallmark ہوگا۔ نئی دلّی میں بھارتیہ ویاپار مہوتسو کے ویب سائٹ کے افتتاح کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ اِس برس عالمی چیلنجوں کے باوجود برآمدات 863ارب ڈالر تک پہنچ گئی ہے جو کہ پچھلے سال کے مقابلے تقریباً پانچ فیصد زیادہ ہے۔ جناب گوئل نے زور دے کر کہا کہ آگے پیشرفت کیلئے اِس جوش وخروش میں کبھی کوئی کمی نہیں آنی چاہیئے اور ہر ایک کو بلا تھکان کام جاری رکھنا چاہیئے۔

S/B 1415 Piyush Goyal

## Jitendra US Delegation

امریکہ کے اعلیٰ سطح کے ایک صنعتی وفد نے نئی دلّی میں آج سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ بھارت کے نیوکلیائی سیکٹر میں پرائیویٹ سرمایہ کاری اور صنعتی شراکت داری کیلئے ابھرتے ہوئے مواقع پر غور وخوض کیا گیا۔ اِس وفد میں امریکی نیوکلیائی صنعت کے سینئر نمائندے، کاروبار سے وابستہ طرفین اور سول نیوکلیائی توانائی اور جدید ترین ٹیکنالوجیوں کے شعبے میں بھارت–امریکہ تعاون کے ساتھ وابستہ اہلکار شامل ہیں۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ بھارت اور امریکہ فی الوقت سائنس، ٹیکنالوجی، صاف توانائی اور ابھرتے ہوئے شعبوں میں ایک مضبوط اور مستقبل کی جانب گامزن شراکت داری کے سلسلے میں ایک دوسرے سے وابستہ ہیں۔وکست بھارت 2047 کے وژن کے تحت بھارت کے طویل مدتی صاف توانائی کے اہداف کا حوالہ دیتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ بھارت 2047 تک نیوکلیائی بجلی کی اپنی صلاحیت کو موجودہ آٹھ اعشاریہ آٹھ گیگاواٹ سے بڑھا کر 100 گیگاواٹ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔x

## Rajnath Visit

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ ویتنام اور جنوبی کوریا کے دو ملکوں کے دورے پر آج سہ پہر ویتنام کے شہر ہنوئی پہنچ گئے ہیں۔ ویتنام میں وزیر دفاع اپنے ہم منصب جنرل Phan Van Giang سے ساتھ باہمی مذاکرات کریں

گے۔ جناب سنگھ کا یہ دورہ ویتنام کے سابق صدر Ho Chi Minh کے کُل 136ویں یومِ پیدائش کے موقع پر ہو رہا ہے۔x

## WB Enquiry Commissions

مغربی بنگال سرکار نے مبینہ ادارہ جاتی بدعنوانی اور خواتین کے خلاف ظلم و زیادتی کی تحقیقات کرنے کی غرض سے دو تحقیقاتی کمیشن تشکیل دیئے ہیں۔ یہ کمیشن بھارتیہ جنتا پارٹی کے ذریعے کئے گئے انتخابی وعدوں کے مطابق بنائے گئے ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ سووینڈو اَدھیکاری نے کابینہ کی منظوری کے بعد آج اِس فیصلے کا اعلان کیا۔ ادارہ جاتی بدعنوانی کی تفتیش کرنے والے کمیشن کی سربراہی کلکتہ ہائی کورٹ کے ریٹائر جج بسواجیت Basu کریں گے۔ دوسرا کمیشن ممتابنرجی کی قیادت والی سابقہ سرکار کے دوران خواتین کے خلاف ظلم و زیادتی کی تحقیقات کرے گا۔ اس کی سربراہی کلکتہ ہائی کورٹ کی ریٹائر جج Sampati Chatterjee کریں گی۔ میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے، وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ دونوں کمیشن اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے کام کرنا شروع کریں گے۔

انہوں نے کہا کہ تحقیقات میں بدعنوانی کے ماضی کے معاملات اور خواتین کے خلاف جرائم کا احاطہ کیا جائے گا اور عوام میں سے لوگ پینلس کو اپنی شہادتیں پیش کرسکیں گے۔ بدعنوانی کی انکوائری میں تمام سرکاری محکموں کا معائنہ کیا جائے گا، جن میں پنچایتیں اور ضلع پریشد شامل ہیں۔x

## Ayush Advisory Heatwave

آیوش کی وزارت نے اِس سال گرمی کے موسم کیلئے انتہائی شدید گرمی اور گرم لہر کے سلسلے میں عوامی صحت سے متعلق ایک جامع ایڈوائزری جاری کی ہے۔ ایڈوائزری میں زور دے کر کہا گیا ہے کہ جسم میں پانی کی کمی نہ ہونے دیں، انتہائی دھوپ کے اوقات میں دھوپ میں براہِ راست آنے سے گریز کریں، ہلکے سوتی کپڑے استعمال کریں اور موسمی پھل بھرپور مقدار میں لیں اور ایسے مشروبات وغیرہ لیں جن میں زیادہ الیکٹرولائٹ پایا جاتا ہو۔ اس میں شہریوں کو خبردار کیا گیا ہے کہ وہ گرمی سے متعلق بیماریوں جیسے چکرآنا، سر میں درد ہونا، جی متلانا، ذہنی تھکاوٹ محسوس کرنا، بخار ہونا، پانی کی کمی، اچانک بیمار محسوس کرنا اور بیہوشی کی صورتحال کا سامنا کرنے سے محتاط رہیں۔ ایڈوائزری میں سفارش کی گئی ہے کہ خراب صورتحال میں ایمرجنسی ہیلپ لائن نمبر ایک صفر آٹھ یا ایک صفر دو پر کال کریں۔

## IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے کُل کیلئے مدھیہ پردیش اور اترپردیش میں شدید سے شدید ترین گرم لو کی صورتحال رہنے کے بارے میں اورینج الرٹ جاری کی ہے۔ ہریانہ، چنڈی گڑھ، مراٹھواڑہ، پنجاب، راجستھان، تلنگانہ اور ودربھ میں بھی اگلے دو دنوں کے دوران گرم لہر کی صورتحال رہنے کا امکان ہے۔x

## Amit Shah Chhattisgarh Vistit

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج چھتیس گڑھ کے اپنے دورے کے دوران بَستر ضلع میں Netanar گاؤں میں عوامی خدمات کے ایک مرکز کا افتتاح کیا۔ اِس مرکز کا نام قبائلی لیڈر اور شہید مجاہد آزادی ویر Gundadhur کے نام پر رکھا گیا ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ اگلے ڈیڑھ برس میں بستر میں قائم تقریباً 200سکیورٹی کیمپوں میں سے 70 کو اسی طرح کے خدمات سے متعلق مرکز بنا دیا جائے گا۔x

## Nadda DG WHO

صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا نے عالمی صحت تنظیم کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر Tedros Adhanaom Ghebreyesus سے سوئزرلینڈ کے شہر جنیوا میں منعقدہ اُناسیویں عالمی صحت اسمبلی سے الگ ملاقات کی۔ جناب نڈّا نے عالمی صحت اکیویٹی کی پیشرفت کے تئیں بھارت کے عزم کو دوہرایا اور کچھ اہم اسکیموں کو اجاگر کیا جیسے آیوشمان بھارت ڈیجیٹل مشن، آیوشمان آروگیہ مندر، روایتی ادویات، مصنوعی ذہانت سے چلنے والی عوامی صحت کی اختراعات اور TV کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کیلئے کی جانے والی پائیدار کوششیں۔ ڈاکٹر Tedros نے صحت کے شعبے میں بھارت کی اصلاحات اور عالمی صحت شراکت داری میں اُس کی قیادت کی تحسین کی اور مشترکہ ترجیحات کے تعلق سے عالمی صحت تنظیم کے ساتھ شراکت داری کو مزید مضبوط کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔x

## Govt West Asia Brief

حکومت نے کہا ہے کہ ملک کی ریفائنریز میں معمول کے مطابق کام ہو رہا ہے اور مغربی ایشیا کے جاری بحران کے باوجود بھارت میں خاطرخواہ خام تیل موجود ہے۔ نئی دلّی میں آج بین وزارتی بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری سجاتا شرما نے کہا کہ پیٹرول، ڈیزل، LPG اور قدرتی گیس کا خاطر خواہ ذخیرہ موجود ہے۔ اِس کے باوجود افواہوں کی وجہ سے کچھ علاقوں سے LPG کی گھبراہٹ میں خریداری کی خبریں مل رہی ہیں۔

**S/B 2045 Sujata Sharma On LPG**

کیمیکل اور کیمیاوی کھادوں کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری اپرنا شرما نے بتایا کہ ملک بھر میں 200لاکھ میٹرک ٹن فرٹیلائزر دستیاب ہے اور خریف کی فصل کیلئے کیمیاوی کھادوں کی قیمت میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔x

## Maha Road Accident

مہاراشٹر کےPalghar ضلع میں واقع Dhanivari ایک بارات کو لے جارہے ٹرک اور ایک کنٹینر کے درمیان ٹکر سے ہوئے سڑک حادثے میں 13افراد ہلاک ہوئے ہیں اور 20دیگر زخمی ہیں۔ مرنے والوں کی تعداد میں بڑھوتری کا اندیشہ ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق ٹرک میں 100سے زیادہ لوگ سفر کر رہے تھے۔

زخمیوں کو علاج کیلئے KASA سب ڈسٹرکٹ اسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔ مہاراشٹر حکومت نے مرنے والوں کے لواحقین کیلئے پانچ–پانچ لاکھ روپئے کی مالی امداد کا اعلان کیا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سڑک حادثے میں اپنی جان گنوانے والے افراد کے تئیں افسوس کا اظہار کیا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆